| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اور 'ا سے لے کر 'ؤ' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'ہ' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ہ' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ہ' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ اور حرف 'ہ' کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ہ' حروف تہجی کا پینتیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ہ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ ہاتھ، ہتھیلی، ہاتھی، ہونٹ، ہیرا، ہینڈل، ہاکی اور ہوٹل کے بارے میں جانیں گے تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اگر 'د' دنیا بنا کر راستہ بند کر دیا جائے تو 'ہ' بن جاتی ہے۔ بچوں کو بلا کر تختہ سفید سیاہ پر حرف 'ہ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈز<br>Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 74 کھولنے کو کہا جائے گا اور بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ہ' پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پنسل پھیریے حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر 'ہ'۔ ہاتھی، ہ ہاتھ<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ہاتھی میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے اور 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل میں پنسل پھیریں گے | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 74<br>ورک شیٹ<br>پینٹس | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ہ' کی صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ہ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ’ہ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے ’ہ‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ ہ ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’ہ‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ہ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ہاتھی کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ نے اس کو کہاں دیکھا ہے۔ آپ نے کبھی اس کی سیر کی ہے۔ اس کا رنگ کیسا ہے اور اُس کی ناک اور کان کیسے ہوتے ہیں۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ہ‘ کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ہ‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ بچوں کو گراؤنڈ میں لے جا کر فرش پر چاک سے ن، م، و، ہ آدھی اور پوری اشکال کے ساتھ لکھا جائے گا اور بچوں کو کہا جائے گا کہ ’ہ‘ کی پوری اور آدھی شکل کی نشاندہی کریں اور اُس پر چھلانگ لگائیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ’ہد ہد‘ میں رنگ بھریں گے اور ’ہ‘ کی پوری اور شکل میں پنسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے منی سفید بورڈ پر ’ہ‘ کی پوری شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br>ہوپ سکوچ گیم، چاک<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ہ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | دہرائی:<br>حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ہ' سے ہاکی کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو ہاکی دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہاکی پاکستان کی نیشنل گیم ہے پاکستان ہاکی کا نیشنل چمپئن بھی رہ چکا ہے۔ ہاکی میں 11 کھلاڑی ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کیا آپ نے کبھی ہاکی کا میچ دیکھا ہے؟ یا آپ کو ہاکی کھیلنا پسند ہے؟ بچوں سے اُن کی پسندیدہ گیم کے بارے میں بھی پوچھیں۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ہ' بنائیے۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | ہاکی | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>پانچ پانچ بچوں کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر Play Dough رکھ دیں۔ بچے Play Dough کی مدد سے حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل بنائیں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ہ' کی تصاویر کو 'ہ' سے ملائیں گے اور 'ہ' کی آدھی شکل پر پنسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | Play Dough<br>ورک شیٹ | |
| | اختتامیہ:<br>تختہ سفید سیاہ پر 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | گھر کا کام:<br>'ہ' سے ہیلی کاپٹر میں رنگ بھریں اور 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل میں پنسل پھیریں۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ہ' کے مزید الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو ہیرا، ہینڈل، ہاکی اور ہوٹل فلیش کارڈ اور اشیاء کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ان کے نام بتائے جائیں گے اور بچوں سے 'ہ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ دیں اور اُن سے کہیے کہ کاغذ پر اپنا ہاتھ رکھیں اور دوسرے ہاتھ سے پنسل سے ٹریس کریں اور ہاتھ کو ٹریس کرنے میں بچوں کی مدد کریں اب بچوں کو ہرا رنگ دکھایئے اور بتایئے کہ یہ ہرا رنگ ہے سب ٹریس کیے ہوئے ہاتھ میں ہرا رنگ کریں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 75 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔بتایئے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ہ' کو کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔نیچے دی گئی 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | سادہ کاغذ ہرا رنگ<br>کتاب صفحہ نمبر 75 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ہ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/بناوٹ سے 'ہ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | دہرائی:<br>حرف 'ہ' کے تمام الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف:<br>بچوں کو ہاتھ دکھا کر پوچھا جائے گا یہ کیا ہے۔ سب بچوں کو کہا جائے گا کہ اپنے اپنے ہاتھ اوپر کریں اور بولیں ہاتھ بچوں سے پوچھیں ہم ہاتھوں سے کیا کیا کام کرتے ہیں؟ بچوں کو بتائیں کہ ہمیں اللہ کی ہر بات پر شکر ادا کرنا چاہیے اور ہاتھ اُٹھا کر اللہ سے دعا کریں اور شکر کیا کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہاتھ کے درمیان والے حصے کو ہتھیلی کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں دو ہاتھ دیئے ہیں۔ جن سے ہم بہت سارے کام کرتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے ہاتھ اور ہتھیلی کی ابتدائی آواز 'ہ' ہے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے پوچھیں کہ حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے جانوروں کے نام بتائیں۔ ہاتھی، ہرن، ہدہد۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'ہ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ہ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |